قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کا فائنل فیصلہ کن مرحلے میں داخل

- خیبرپختونخوا کو جیت کے لیے پہاڑ جیسا ہدف درکار
- سدرن پنجاب کے طیب طاہر کی دونوں اننگز میں سنچریاں
- آلراؤنڈر محمد عمران نے بھی دوسری اننگز میں سنچری داغ دی

لاہور، 28نومبر2019ء:

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں جاری قائداعظم ٹرافی کا فائنل فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ ٹرافی تھامنے کی خواہشمند خیبرپختونخوا کی ٹیم کو میچ کے آخری روز جیت کے لیے مزید 473 رنز جبکہ سدرن پنجاب کو دس وکٹیں درکار ہیں۔

150 رنز کے سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سدرن پنجاب کی ٹیم نے 4وکٹوں کے نقصان پر 86 رنز سے میچ کے تیسرے روزکے کھیل کا آغاز کیا تو 140 رنز پر اس کے 6 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ چکے تھے، جس کے بعد محمد عمران اور طیب طاہر کے درمیان 118 رنزکی شراکت نے سدرن پنجاب کی میچ میں گرفت مزید مضبوط کردی۔

آٹھویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترنے والے آلراؤنڈر محمد عمران نے 16 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 113 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ پہلی اننگز میں ناقابل شکست سنچری اسکور کرنے والے مڈل آرڈر بلے باز طیب طاہر نے دوسری اننگز میں8چوکوں اور 1چھکے کی مدد سے 106 رنز کی اننگز کھیلی۔

سدرن پنجاب کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 333 رنز بناکرآؤٹ ہوگئی۔خیبرپختونخوا کی جانب سے پہلی اننگز میں 2وکٹیں حاصل کرنے والے اسپنر آصف آفریدی نے دوسری اننگز میں 4وکٹیں حاصل کیں۔

خیبرپختونخوا نے 484 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا تو دن کے اختتام پر محمد محسن اور گوہر علی پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے بغیر کوئی وکٹ گنوائے 11 رنزبنالیے ہیں۔

اس سے قبل سدرن پنجاب کے369 رنز کے جواب میں خیبرپختونخوا کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 219 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk